.سوال1) عقائد نسفیہ کے مصنف کا نام تحریر کریں.

سوال2) شرح عقائد کے مصنف کا مختصر تعارف لکھیں.

سوال3) کتاب کی ابتدا تسمیہ سے کیوں ہوئی؟

سوال4) المتوحد پر ہونے والا اعتراض و جواب لکھیں.

سوال5) صفات کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

سوال6)الصلاۃ میں الف لام کونسا ہے مذکورہ اعتراض بھی لکھے ؟

سوال7) عقائد اسلام کی بنیاد کیا ہے؟

سوال8) علم الکلام سیکھنے سے کس سے نجات حاصل ہوتی ہے؟

سوال9) صاحب نسفی نے کس طرح عقائد کو تصنیف کیا؟

سوال10) فحاولت: یہ کلام کس کا ہے؟

سوال11) شارح (علیہ رحمہ) نے عقائد نسفی کی شرح کیوں لکھی؟

سوال12) احکام شریعت کتنے ہیں اور کون کونسے ہے؟

سوال13) احکام شریعت میں پہلا علم کس پر موقوف ہے؟

سوال14) احکام اعتقادی کا دوسرا نام وجہ کے ساتھ تحریر کریں.

سوال15) کیا صحابہ (رضی اللہ عنہم اجمعین) کے دور میں علم کلام مدون تھا؟

سوال16) صحابہ (رضی اللہ علیہم اجمعین) کے دور میں علم الکلام کیوں مدون نہ تھا؟

سوال17) علم الکلام کب مدون و مرتب ہوا؟

سوال18) علم الکلام کو مدون کرنے کی کیوں ضرورت پیش آئی؟

سوال19) فقہ ، اصول ، فقہ اور عقائد کی تعریف لکھیں.

سوال20) عقائد کے کتنے دلائل ہیں؟

سوال21) علم الکلام کو علم کلام کہنے کی تمام وجوہات تحریر کریں.

سوال22) کلام کس سے مشتق ہے اور اس کا معنی کیا ہے؟

سوال23) علم الکلام میں کس فرقے نے خرافات پیدا کیے؟

سوال24) فرقہ معتزلہ کا بانی اور اس کے عقائد تحریر کریں.

سوال25)  گناہِ کبیرہ کے مرتکب کے بارے میں اہل سنت کا عقیدہ لکھیں.

سوال26) (قد اعتزل عنا) کس کا کلام ہے؟

سوال27) ابو الحسن اشعری کون ہے؟

سوال28) ابو الحسن اشعری نے فرقہ معتزلہ کیوں چھوڑا ؟

سوال29) اہل سنت نے معتزلہ کا کس طرح رد کیا؟

سوال30) ( هو أشرف العلوم)  سے کیا مراد ہے وضاحت کریں.

سوال31) علم کلام سیکھنے کا فائدہ کیا ہے؟

سوال32) (ما نقل عن السلف) پر ہونے والا اعتراض و جواب لکھیں.

سوال33)  کتنے لوگوں کو علم الکلام سیکھنے سے روکا گیا؟

سوال34) اعیان اور اعراض کی تعریف لکھیں.

سوال35) (قال اہل الحق) کا اطلاق کس پر ہوگا؟

سوال36) صدق اور کذب کی تعریف کریں.

سوال37) شئ کی حقیقت اور ماہیت کی تعریف مع مثال تحریر کریں نیز یہ بھی بتائیں کہ ضاحک اور کاتب انسان کے لیے حقیقت ہے یا نہیں بہر صورت وضاحت کریں.

سوال38) حقیقت ، ماہیت اور حویۃ کے درمیان فرق بیان کریں نیز لفظ ثبوت ، تحقیق ، وجود اور کون ان کے معنی بیان کریں.

سوال39) اہل سنت اور معتزلہ کے نزدیک لفظ شئ کا مصداق کیا ہے؟

سوال40) (حقائق الاشیاء ثابتۃ) مذکورہ عبارت پر ہونے والا اعتراض اور اس کا جواب تحقیقا و تفصیلا بیان کریں.

سوال41)( والعلم بھا متحقّق) مذکورہ عبارت کی وضاحت کرے نیز اس عبارت کی مراد کے بارے میں ایک قول اور اس قول کا جواب بیان کریں.

سوال42) سوفسطائیہ کا گروہ بیان کریں نیز ان کے خلاف ہماری تحقیقی اور الزامی دلیل بھی بیان کریں.

سوال43) قالو: الضروریات منھا و حسّیات
عبارت پر ہونے والا اعتراض مع جواب تحریر کریں.

سوال44) لفظ سوفسطا کا معنی کیا ہے اور یہ کس سے مرکب ہے؟

سوال45) علم کی دونوں تعریفات بیان کر کے ان کے درمیان فرق واضح کریں.

سوال46) اسباب العلم للخلق

اس عبارت میں للخلق لانے کا مقصد بیان کریں نیز اسباب العلم کتنے اور کون کون سے ہیں وجہ حصر کی صورت میں بیان کریں؟

سوال47) اسباب العلم کو تین پر منحصر کرنے پر ہونے والا اعتراض مع جواب تحریر کرے.

سوال48) فالحواس خمسٌ

مذکورہ عبارت کی وضاحت کریں نیز حواس خمسہ کی تعریف بھی بیان کریں.

سوال49) وبکلّ حاسۃ منھا یوقف ..... الخ

مذکورہ عبارت سے ماتن کی کیا مراد ہے نیز اس عبارت کے ضمن میں آنے والا اختلاف اور اعتراض مع جواب بیان کریں؟

سوال50) خبر صادق سے کیا مراد ہے نیز بعض کتابوں میں (الخبر الصادق) اور بعض کتابوں میں (خبر الصادق) واقع ہوا ہے اس کی کیا وجہ ہے تحریر فرمائیں؟

سوال51) خبر صادق کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟

سوال52) خبر متواتر کی تعریف ،حکم ،وجہ تسمیہ اور مثال بھی بیان کریں.

سوال53) کلعلم بالملوک الخالیۃ فی الأزمنۃ الماضیۃ و البلدان النائیۃ
مذکورہ عبارت میں البلدان النائیہ کے ترکیبی احتمالات بیان کریں.

سوال53) ھو بالضرورۃ موجب للعلم الضرورِ
مذکورہ عبارت سے کتنی اور کون کونسی چیزیں ثابت ہوتی ہیں؟

سوال54) أما خبر النصاریٰ بقتل...... الخ

مذکورہ عبارت ایک اعتراض مقدر کا جواب ہے اعتراض مع جواب بیان کریں؟

سوال55) فأن قیل: خبر کلّ واحد لا یفید ألا الظنّ.... الخ

یہ عبارت کس اعتراض کی طرف مشیر ہے جواب بھی تحریر کریں؟

سوال56) فأن قیل: الضروریات لایقع فیھا الا التفاوت...

مذکورہ عبارت سے ہونے والا اعتراض و جواب تحریر کریں.

سوال57) رسول اور معجزہ کی تعریف کریں نیز رسول اور نبی میں فرق واضح کریں.

سوال58) خبر رسول کا حکم بیان کریں.

سوال59) استدلال کی دونوں تعریفات بیان کر کے وجود صانع پر دلیل کا تعین کریں نیز یہ بتائیں کہ دلیل کی تعریف کیا ہے اور استدلال کی کونسی تعریف اس کے مناسب ہے اور کیوں؟

سوال60) خبر رسول علم کا فائدہ دیتی ہے اس پر کیا دلیل ہے نیز اس علم کے استدلالی ہونے پر بھی دلیل تحریر کریں؟

سوال61) خبر رسول سے ثابت ہونے والا علم کس علم کے مشابہ ہے نیز یہ بتائیں کہ تیقن اور ثبات سے کیا مراد ہے؟

سوال62) وألا لكان جهلا أو ظناً آؤ تقليداً

مذکورہ عبارت سے ماقبل کا ربط اور مراد بیان کریں.

سوال63) فأن قيل: هذا انما يكون فى المتواتر فقط... الخ

مذکورہ عبارت میں ہونے والا اعتراض مع جواب تحریر کریں.

سوال64) واما خبر الواحد فانما لم يفيد العلم ..... الخ

مذکورہ عبارت کس اعتراض مقدر کا جواب ہے مکمل جواب تحریر کریں.

سوال65) فأن قيل: فأذا كان متواترًا أو مسموعاً .... الخ

مذکورہ عبارت سے ہونے والا اعتراض مع جواب لکھیں.

سوال66) فأن قيل: الخبر الصادق المفيد للعلم..... الخ

مذکورہ عبارت سے ہونے والا اعتراض اور اسکا جواب کا تحریر کریں.

سوال67) وقد يجاب: بأنه لا يفيد بمجردہٖ ..... الخ

مذکورہ عبارت کس اعتراضِ مقدر کا جواب ہے جواب تحریر کریں نیز شارح نے کس بنیاد پر اس جواب کو ضعیف قرار دیا ہے؟

سوال68) عقل کی تعریف میں اقوال ائمہ تحریر کریں.

سوال69) هو المعنى بقولهم: غريرة يتبعها العلم بالضروريات عند السلامۃ الٰاۃ۔

مصنف علیہ الرحمہ کی مذکورہ عبارت میں غرض واضح کریں .

سوال70) فھو (العقل) سبب للعلم أيضا

مذکورہ عبارت پر ہونے والے اعتراض و جواب مفصل انداز میں تحریر کریں.

سوال71) عقل کے مفید علم ہونے میں فرقہ سمونیہ، ملاحدہ اور بعض فلاسفہ کا اختلاف کس بناء پر ہے؟

سوال72) والجواب ان ذالک لفساد النظر .... الخ.

مذکورہ عبارت سے مصنف علیہ الرحمہ کن لوگوں کا رد کر رہے ہیں واضح کریں؟

سوال73) فرقہ سمونیہ ملاحدہ اور فلاسفہ کے دعوے اور دلیل میں تناقص کیسے پایا جارہا ہے واضح کریں؟

سوال74) فان زعمو أنه معارضۃ للفاسد للفساد

مذکورہ عبارت سے مذکورہ فرقہ باطلہ کا زعم اور اسکا جواب تحریر کریں.

سوال75) ( اعتراض) اگر نظرو فکر کا مفید علم ہونا ضروری ہے تو اس میں اختلاف نھیں ہونا چاھئے

جیسے۔ ایک دو کا نصف ہے۔

اور اگر نظری ہے تو اس صورت میں نظر کو نظر سے ثابت کرنا لازم آئے گا اور یہ دور ہے۔

مذکورہ اعتراض کا مفصل جواب تحریر کریں.

سوال76) فیکون کل نظر صحیح مقرون بشراءطہ

مذکورہ عبارت سےثابت ہونے والے مسئلے کو واضح کریں.

سوال77) جو عقل سے بداحتا اور استدلالا علم حاصل ہو اسے کیا نام دیا جاتا ہے؟

سوال78) عقل سے کتنے علوم حاصل ہوتے ہیں؟

سوال79) علم کسبی اور استدلالی اور ضروری کی تعریف بیان کرتے ہوئے ان میں فرق واضح کریں.

سوال80) صاحب بدایہ کے کلام میں بظاہر تناقص تھا تو عدم تناقص مصنف (علیہ الرحمہ) کی کس وضاحت سے ثابت ہوا؟

سوال81) صاحب بدایہ کے کلام کو مفصل انداز میں بیان کرے.

سوال82) بالبداھۃ: کا شارح نے کیا معنی بیان کیا ہے؟

سوال83) الہام کی تعریف بیان کریں. نیز الہام سے یہاں مصنف کی کیا مراد ہے؟

سوال84) أن الاولیٰ ان یقول: لیس من اسباب العلم... الخ مذکورہ عبارت میں غرض مصنف بیان کریں.

سوال85) علماء (رحمہم اللہ علیہم اجمعین) نے علم اور معرفت میں کیا فرق بیان کیا ہے؟

سوال86) کس الہام سے علم حاصل ہوتا ہے دلیل سے بیان کریں؟

سوال87) خبر واحد اور تقلید مجتہد اسباب علم میں سے ہے یا نہیں مصنف کا موقف بیان کریں.

سوال88) أسباب العلم للخلق ثلاثۃ..... الخ
مذکورہ عبارت میں ( علم )سے کیا مراد واضح کریں؟

سوال89) عالم کی تعریف کرتے ہوئے اس کے حادث ہونے کو أدلہ ثابت کریں.

سوال90) عالم کی تعریف میں (ما سوا اللہ) کی قید سے کس چیز سے احتراز کیا گیا ہے دلیل سے ثابت کریں؟

سوال91) ہمارے نزدیک عین ذات اور غیر ذات کا مفہوم کیا ہے بیان کریں؟

سوال92) عالم کا حادث ہونا جمیع اجزاء سے
ہمارے نزدیک اس عبارت کا مطلب واضح کریں.

سوال93) آسمان اور عناصر کے قدیم ہونے کے معاملے
میں فلاسفہ کا موقف بیان کریں.

سوال94) نعم أطلقو القول بحدوث ماسوالله ..... الخ
مذکورہ عبارت میں ہونے والے اعتراض مع جواب تحریر
کریں.

سوال95) عین اور عرض کی تعریف کریں نیز قیام بذاتہ
کا متکلمین اور فلاسفہ کے نزدیک مطلب بیان کریں.

سوال96) عند الفلاسفہ حادث کس معنی میں ہے ؟

سوال97) عالم کے اندر بذاتہ جس چیز کو قیام حاصل ہے
وہ کتنی اقسام پر ہے؟

سوال98) جسم کے لیے کتنے اجزاء کا ہونا ضروری ہے
اختلاف ائمہ کے ساتھ ساتھ راجح مذہب بھی بیان کریں؟

سوال99) جسم کے اجزاء کے معاملے میں اختلاف کس حیثیت سے ہے؟

سوال100) جن کے نزدیک دو ہی جزؤں کا ملنا جسم کے لیے کافی ہے ان کی دلیل بیان کریں اور اس دلیل کا ضعف بھی بیان کریں۔

سوال101) جوہر کی تعریف کریں نیز جوہر سے ہماری کیا مراد ہے؟

سوال102) غیر مرکب کو تعبیر کرتے وقت ماتن ( علیہ الرحمہ ) نے ( کالجوھر ) ( وھو جوھر ) نہ کہا اس کی وجہ کیا کریں؟

سوال103) فلاسفہ کا جوہر ( جزء لا یتجزأ ) کے بارے میں کیا موقف ہے؟ نیز جسم ان کے نزدیک کن چیزوں سے مرکب ہوتا ہے؟

سوال104) جزء لا یتجزأ کے اثبات پر ادلہ ثلاثہ تحریر کریں۔

سوال105) تینوں أدلہ کا ضعف بیان کریں.

سوال106) جزء لا یتجزأ کے ثبوت اور عدم ثبوت کے معاملے میں امام رازی ( علیہ الرحمہ ) توقف کی طرف کیوں مائل ہوئے؟

سوال107) جزاء میں اختلاف کرنے کے معاملے میں جو ثمرہ اختلاف ہے اس کو بیان کریں.

سوال108) عرض کی تعریف میں اقوال ائمہ تحریر کریں نیز راجح تعریف مع وجہ ترجیح بیان کریں.

سوال109) ویحدث فی الاجسام والجواھر .....
مذکورہ عبارت میں ربط عبارت کے معاملے میں احتمالات بیان کریں.

سوال110) اعراض کی اقسام بالتفصیل بیان کریں.

سوال111)اعراض اور اعیان کا حادث ہونا أدلہ سے ثابت کریں.

سوال112)حرکت اور سکون کو أدلہ کی روشنی میں ثابت کریں.

سوال113) عالم کے حادث ہونے پر دی جانے والی أدلہ پر ہونے والے چار (4) اعتراضات مع جوابات تحریر کریں.

سوال114) عالم کی تعریف بیان کریں.

سوال115) والمحدث للعالم هو اللہ تعالیٰ
اس عبارت کی وضاحت کریں.

سوال116) اللہ تعالی کے واجب الوجود ہونے پر شارح نے جو دلیل ذکر کی ہے اس پر ہونے والے اعتراض مع جواب تحریر کریں.

سوال117) برھان تطبیق کیا ہے؟

سوال118) برھان تطبیق کی شارح نے کیا وضاحت کی ہے بیان کریں؟

سوال119) وھذا تطبیق أنما یکون فیما..... الخ
مذکورہ عبارت کس سوال مقدر کا جواب ہے؟ جواب بھی سپرد قلم کریں.

سوال120) برہان تمانع کیا ہے؟

سوال121) برہان تمانع کے متعلق متکلمین کا مشہور قول بیان کریں.

سوال122) برہان تمانع پر جو اعتراض وارد ہوا ہے اس کا مفصل جواب تحریر کریں.

سوال123) اللہ تعالی کو جائز الوجود ماننے کی صورت میں کیا فساد لازم آئے گا؟

سوال124) وبما ذکرنا یندفع ....الخ

مذکورہ عبارت کی غرض بیان کریں؟

سوال125) اعتراض: یہ بھی تو ممکن ہے کہ دونوں خدا بغیر تنابع کے متفق ہو جائے اس وقت دونوں کی مراد ایک ہی ہوگی۔

مذکورہ اعتراض کا جواب لکھیں.

سوال126) لو کان فیهما اٰلهۃ الا الله لفسدتا

اس عبارت کی تفصیل کے ساتھ وضاحت کریں.

سوال127) حجت اقناعیہ کا خلاصہ بیان کریں.

سوال128) اگر حجت قطعیہ اور ملازمہ عقلیہ مراد لے تو اس صورت میں کیا خرابی لازم آئے گی؟

سوال129) قدیم کی تعریف کریں نیز قدیم اور واجب کے متعلق بعض متکلمین کا موقف بیان کریں.

سوال130) بعض لوگوں نے کہا کہ واجب اور قدیم مترادف ہے کیا یہ درست ہے بیان کریں؟

سوال131) بعض نے کہا کہ قدیم واجب سے أعم ہے کس اعتبار سے وضاحت کریں؟

سوال132) واجب الوجود لذاتہ کے حوالے سے حمید الدین ضریری اور ان کے پیروکار کا قول دلیل کے ساتھ بیان کریں.

سوال133) ثم اعترضو بأن الصفات لو کانت واجبۃ... الخ مذکورہ عبارت کی تفصیل کے ساتھ وضاحت کریں.

سوال134) اللہ تعالی کے حی ، قادر ، علیم ، سمیع ، بصیر ، مرید ، ہونے پر کتاب کی روشنی میں تمام دلائل ذکر کریں.

سوال135) اللہ تعالی کے لیے کوئی عرض نہیں اس پر دلائل بیان کریں.

سوال136) متکلمین کے نزدیک عرض کا باقی ہونا ممتنع ہے اس پر دلائل ذکر کریں.

سوال137) ومعنیٰ قولنا: وجد لم یبق ...... الخ
مذکورہ عبارت ایک سوال مقدر کا جواب ہے سوال مع جواب تحریر کریں.

سوال138) اللہ تعالی کے لیے جسم نہیں اس کی وضاحت کریں.

سوال139) اللہ تعالی جوہر نہیں اس کی وضاحت کریں نیز فلاسفہ کا بھی قول ذکر کریں.

سوال140) فکیف یصح اطلاق الموجود....... الخ
مذکور عبارت سے ہونے والا اعتراض مع جواب تحریر کریں .

سوال141) ولا مصور ولا محدود ولا معدود ولا متبعض ولا متجز ولا مترکب

مذکورہ عبارت کا خلاصہ بیان کریں نیز (محدود) کی تفصیل کے ساتھ وضاحت کریں.

سوال142) ولا یوصف بالماھیۃ ولا بل کیفیۃ....

مذکورہ عبارت کو دلائل کے ساتھ ذکر کریں.

سوال144) ولا یتمکن فی مکان ..... الخ

اس عبارت کی وضاحت کریں.

سوال145) فلاسفہ و متکلمین کے نزدیک مکان کی تعریف کیا ہے ؟

سوال146) بُعد کسے کہتے ہیں؟

سوال147) اللہ تبارک وتعالیٰ مکان سے کیسے پاک ہے؟

سوال148) کیا متمکن و متحیز دونوں برابر ہیں؟

سوال149)عدمِ تحیّز کی دلیل تحریر کریں.

سوال150)ولا یجریٰ علیه زمان .....
مذکورہ عبارت کا مطلب واضح کریں.

سوال151)  عندنا و عند الفلاسفہ زمانہ کیا ہے؟

سوال152)مصنف (علیہ الرحمہ) نے تنزیہات کو ذکر کرنے میں تفصیل بیان کیوں کی؟

سوال153) شارح نے تنزیہات کی بنیاد کس پر رکھی ہے ؟ نیز مشائخ کرام نے عرض و جوہر سے کیا مراد لیا ہے وضاحت کریں؟

سوال154) اللہ عزجل کے چہرے کے بارے میں ہمارا کیا عقیدہ ہے دلیل سے واضح کریں؟

سوال155) شارح نے دیگر مشائخ کی طرح دلائل کیوں نہیں دیے؟

سوال156) مخالفین نے نصوص ظاہرہ سے کیا دلیل پکڑی ہے دلیل سپرد قلم کریں؟

سوال157) آیت مقطعات کے متعلق متقدمین کی کیا رائے ہے تحریر کریں؟

سوال158) آیت مقطعات کے متعلق متأخرین کا عقیدہ لکھیں؟

سوال159) ولا یشبہ شیأً کا کیا مطلب ہے؟

سوال160) مسئلہ تفویض و مسئلہ تأویل تحریر کریں.

سوال161) دو شئ کے قائم مقام ہونے کا کیا مطلب ہے؟

سوال162) مشابہت کے بارے میں صاحب بدایہ کا قول ذکر کریں.

سوال163) دو شئ کی مماثلت کے لیے کتنے اوصاف میں برابر ہونا ضروری ہے؟

سوال164) مشابہت کے متعلق شیخ ابو المعین کے قول کی وضاحت کریں؟

سوال165) صاحب بدایہ کے قول کو شارح کس چیز پر محمول کرتے ہیں نیز اگر اس چیز پر محمول نہ کیا جائے تو کیا خرابی واقع ہوگی؟

سوال166) اللہ تعالی کے علم و قدرت سے کوئی شئ نکل سکتی ہے؟

سوال167) اگر کوئی یخرج عن علمہ وقدرتہ ..... الخ کا عقیدہ مانے تو کیا خرابی واقع ہوگی؟

سوال168) فلاسفہ اور دہریہ علم و قدرت کے متعلق کیا گمان کرتے ہیں؟

سوال169) نظام معتزلی ، بلخی اور عام معتزلہ کا قول واضح کریں؟

سوال170) وأن صدق المشتق علی الشئ .... الخ

اس عبارت کا مفہوم دیکھیں؟

سوال171) یزعم المعتزلۃ أنہ عالم لاعلم ...... الخ

اس عبارت میں معتزلہ کا گمان اور ہمارا جواب تحریر کریں؟

سوال172) ولیس النزاع فی العلم والقدرۃ التی ..... الخ

اس عبارت کا مطلب واضح کریں نیز مشائخ نے کیا صراحت کی ہے وہ بھی تحریر کریں؟

سوال173) بل النزاع فی ذاتہ کما أنہ..... الخ

اصل تنازع کس چیز میں ہے سپرد قلم کریں؟

سوال173) اللہ تعالی کی صفات کن کے نزدیک عین ذات ہے مع الدلائل تحریر کریں؟

سوال174) اللہ تعالی کی صفات کو عین ذات ماننے پر ہم نے فلاسفہ پر کیا اعتراض وارد کیا ہے تحریر کریں؟

سوال175) اللہ تعالی کی صفات ازلی نہیں ہے یہ کس کا مذہب ہے؟

سوال176) اللہ تعالی کی صفات ازلی ہے دلیل پیش کریں؟

سوال177) قائم بذات کا کیا معنی ہے؟

سوال178) معتزلہ کا قائم بذات کے متعلق کیا عقیدہ ہے؟

سوال179) معتزلہ کی قائم بذاته پر دلیل تحریر کریں؟

سوال180) معتزلہ نے قائم بذاته کے متعلق ہم پر کیا اعتراض کیا ہے وضاحت کریں؟

سوال181) صفات باری تعالیٰ کے بارے میں فلاسفہ اور ہمارا مؤقف بیان کریں نیز فلاسفہ کا استدلال اور اس پر ہمارا جواب تحریر بھی لکھیں؟